# پاسپورٹ ٹو سکسیس

## والدین اور نگہداشت کنندگان کے لیے معلوماتی شیٹ

### آپ کے بچے کو ایک تحقیقی مطالعے میں حصہ لینے کی دعوت دی جا رہی ہے۔

حصہ لینے کا فیصلہ کرنے سے پہلے، یہ ضروری ہے کہ آپ یہ سمجھ لیں کہ یہ تحقیق کیوں کی جا رہی ہے اور اس میں کیا کچھ شامل ہو گا۔ براہ کرم ذیل میں موجود معلومات کو احتیاط سے پڑھیں۔ اگر کوئی بھی چیز غیر واضح ہو یا آپ مزید معلومات حاصل کرنا چاہیں، تو براہ کرم ہم سے رابطہ کریں (ذیل میں 'مزید معلومات' کا حصہ دیکھیں)۔ اسے پرھنے کے لیے وقت نکالنے پر آپ کا شکریہ۔

### تحقیق کے بارے میں

اس تحقیق کو کون انجام دے گا؟

مانچسٹر انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن، یونیورسٹی آف مانچسٹر سے تعلق رکھنے والے پروفیسرز نیل ہمفری اور پاملا کوالٹر مطالعے کی قیادت کر رہے ہیں۔

تحقیق کا مقصد کیا ہے؟

آپ کے بچے کا اسکول پاسپورٹ کے متعلق ایک پراجیکٹ میں شامل ہے۔ پاسپورٹ ایک پروگرام ہے جس کا مقصد بچوں کو ایسی مہارتیں سکھا کر ان کی خیر و عافیت کو بہتر بنانا ہے جو انہیں مشکل حالات سے نمٹنے میں مدد دیتی ہیں۔ ہم آزمائیں گے کہ آیا پاسپورٹ سے فرق پیدا ہوتا ہے یا نہیں۔

حصہ لینے کا کسے کہا جا رہا ہے؟

ہم آپ سے رابطہ اس لیے کر رہے ہیں کیونکہ آپ کے بچے کا اسکول پاسپورٹ ٹو سکسیس پراجیکٹ میں حصہ لے رہا ہے۔ اسکولوں کو (الف) 24/2023 کے تعلیمی سال کے دوران **سال** 5 میں پڑھنے والے بچوں کو پاسپورٹ اسباق سکھانے (پاسپورٹ اسکولز) یا (ب) عام طریقے سے جاری رہنے (موازنے کے اسکولز) کے لیے بلا ترتیب منتخب کیا جائے گا۔ ہم پاسپورٹ اور موازنے والے، دونوں قسم کے اسکولوں سے ڈیٹا جمع کریں گے۔ آپ کے بچے کے اسکول نے اس مطالعے میں حصہ لیا ہے جس میں طلباء سال میں ایک مرتبہ آن لائن سروے مکمل کرتے ہیں:

| سروے مکمل کیا گیا | | |
|---|---|---|
| 2023 (وقت 0) | 2024 (وقت 1) | 2025 (وقت 2) |
| سال 4 کا اختتام | سال 5 کا اختتام | سال 6 کا اختتام |

ہم آپ کے بچے کے لیے اجازت مانگ رہے ہیں کہ وہ وقت کے ان تین نقطوں پر سروے مکمل کریں۔

کیا تحقیق شائع کی جائے گی؟

ہم اپنے نتائج کو تعلیمی جریدوں، بلاگز، کانفرنس پریزینٹیشنز، ڈاکٹورل طلباء کے تھیسز اور ویب سائٹس اور سوشل میڈیا پر خلاصے کی رپورٹس میں شائع کریں گے۔ شرکت کرنے والے اسکولوں کو خلاصہ شدہ فیڈ بیک رپورٹس ملیں گی۔ مطالعہ کے ڈیٹا سیٹ کو عوامی طور پر دستیاب بھی بنایا جائے گا۔ اس کا مطلب ہو گا کہ دیگر تحقیق کار بچوں کی خیر و عافیت کے متعلق اپنے ذاتی سوالات کے جواب دینے کے لیے ڈیٹا کو استعمال کر سکیں گے۔ پراجیکٹ کے ڈیٹا سیٹ میں ہزاروں کی تعداد میں جوابات شامل ہوں گے اور بچوں کی انفرادی طور پر شناخت نہیں ہو گی۔ مندرجہ بالا تمام میں، آپ کے بچے کے جوابات **مکمل طور پر رازدارانہ** ہوں گے۔

ڈسکلوژر اینڈ بارنگ سروس (DBS) چیک

تحقیقی ٹیم کے تمام اراکین کا ڈسکلوژر اینڈ بارنگ سروس چیک ہو چکا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ انہیں بچوں کے ساتھ کام کرنے اور تحقیق کرنے کی اجازت ہے۔

اس تحقیقی پروجیکٹ پر کس نے نظر ثانی کی ہے؟

یونیورسٹی آف مانچسٹر ریسرچ ایتھکس کمیٹی (حوالہ: 2022-14050-24401) اور فنڈز کے فراہم کنندگان نے اس پراجیکٹ پر نظر ثانی کی اور اسے منظور کیا ہے۔

<u>اس تحقیق کو کون فنڈ دے رہا ہے؟</u>

یہ پراجیکٹ کولی ٹرسٹ، ایک خیراتی ادارہ اور کولی گروپ کا واحد مالک، کی جانب سے فنڈ یافتہ ہے۔

## میرے بچے کی شمولیت کیا ہو گی؟

آپ کے بچے کو ایک سروے مکمل کرنے کا کہا جائے گا، جسے مکمل کرنے میں زیادہ تر بچوں کو 20 منٹ سے زیادہ نہیں لگیں گے۔ یہ اسکول میں آن لائن کیا جائے گا۔ وہ ایسا سال 4، 5 اور 6 کے اختتام پر ہر سال ایک مرتبہ کریں گے۔

سروے مکمل کرنے میں کوئی خاص خطرات یا نقصانات نہیں۔ تاہم، ہم کسی ایسی خلاف از قیاس صورتحال، جس میں کسی سوال کی وجہ سے آپ کا بچہ افسردہ، فکرمند یا پریشان ہو، کے لیے آپ کے بچے کو معاونت کے ذرائع (مثلاً والدین/نگہداشت کنندہ، چائلڈ لائن، اسکول کے عملے کے رکن) کے متعلق آگاہ کریں گے اور ان کی معاونت کرنے میں مدد دینے کے لیے آپ کے بچے کے اسکول کو مواد فراہم کیا جائے گا۔ حصہ لینے کا کوئی ضمانت شدہ فائدہ نہیں ہے، مگر ہمارے دیگر کام نے ظاہر کیا ہے کہ خیر و عافیت کے سرویز مکمل کرنا کچھ بچوں کو اپنی زندگیوں پر غور کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔

<u>کیا مجھے یا میرے بچے کو حصہ لینے کے لیے معاوضہ دیا جائے گا (مثلاً پیسے یا واؤچرز وصول کرنا)؟</u>

شرکت کرنے کے لیے کوئی معاوضہ دستیاب نہیں ہے۔

<u>اگر میں اپنے بچے کی شرکت نہ چاہوں یا اپنا ذہن بدل لوں، تو کیا ہو گا؟</u>

اس بات کا فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے کہ آپ اپنے بچے کی شرکت چاہتے ہیں یا نہیں۔ اگر آپ کو اعتراض نہ ہو، تو آپ کے بچے سے بھی پوچھا جائے گا کہ آیا وہ حصہ لینا چاہتے ہیں۔ آپ دونوں کسی بھی وقت کوئی وجہ دیے بغیر اس سے نکل سکتے ہیں۔ اگر، اپنے بچے کے حصہ لینے کے بعد، آپ فیصلہ کریں کہ آپ سروے میں سے ان کے جوابات کو نکلوانا چاہتے ہیں، تو آپ ریکارڈ حذف کرنے کے لیے ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ تاہم، ایک مرتبہ گمنام کر دیے جانے کے بعد آپ کے بچے کے ڈیٹا کو نکالنا ممکن نہیں ہو گا، کیونکہ ہم ان کے مخصوص جوابات کی شناخت نہیں کر پائیں گے۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ یہ 2026 کے اختتام تک ہو گا، جس کے بعد ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کو بحفاظت تلف کر دیا جائے گا۔

اس سے آپ کے ڈیٹا کے تحفظ کے حقوق متاثر نہیں ہوں گے۔ اگر آپ فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ اپنے بچے کی شرکت **نہیں** چاہتے، تو براہ کرم اس شیٹ کے اختتام پر موجود 'انکار' کا مختصر فارم مکمل کریں اور مختص کردہ تاریخ تک فری پوسٹ پتے کے ذریعے ہمیں لوٹا دیں۔ اگر آپ ترجیح دیتے ہوں، تو آپ انکار کے فارم پر فراہم کردہ معلومات کے ذریعے ہمیں **ٹیلیفون** یا **ای میل** کر سکتے ہیں۔

## ڈیٹا کا تحفظ اور رازداری

<u>آپ میرے بچے کے متعلق کیا معلومات جمع کریں گے؟</u>

آپ کے بچے کی اس سروے میں شرکت کے لیے، ہمیں ایسی معلومات جمع کرنے کی ضرورت ہے جن سے ان کی شناخت ہو سکے، جسے "ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات" کہا جاتا ہے۔ ہمیں درج ذیل چیزیں جمع کرنے کی ضرورت ہو گی:

- پہلا نام، آخری نام
- نسلی پس منظر
- طالبعلم کا منفرد نمبر
- سال کا گروپ
- جنس
- آیا یہ کہ ان میں خصوصی تعلیمی ضروریات کی نشاندہی کی گئی ہے
- آیا وہ اسکول کے مفت کھانوں کے لیے اہل ہیں

یہ معلومات آپ کے بچے کے **اسکول** کی جانب سے فراہم کی جائیں گی۔

آپ کے بچے کی جانب سے مکمل کیے جانے والے **سروے** میں درج ذیل چیزوں کے متعلق سوالات پوچھے جائیں گے:

- مجموعی خیر و عافیت
- مشکل جذبات (مثلًا اداسی، فکر)

- مشکل جذبات سے نمٹنا
- تنہائی
- ڈرایا دھمکایا جانا
- دوستوں کی طرف سے مدد
- معیار زندگی

ہم آپ کے بچے کے اسکول کی جانب سے فراہم کردہ معلومات کو ان کے سروے کے جوابات کے ساتھ جوڑ دیں گے۔ مستقبل میں، ہم آپ کے بچے کے متعلق پراجیکٹ ڈیٹا کو **نیشنل پیوپل ڈیٹابیس** میں ان کے تعلیمی کامیابی کے ڈیٹا کے ساتھ منسلک کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

ڈیٹا کو کیسے منسلک کیا جائے گا اور یہ کیوں مفید ہے؟

ہم آپ کے بچے کے متعلق معلومات (مثلاً پہلا نام، آخری نام، طالبعلم کا منفرد نمبر) بحفاظت طریقے سے نیشنل پیوپل ڈیٹا بیس کو فراہم کریں گے، تاکہ وہ آپ کے بچے کی تعلیمی کامیابی کے ساتھ اس ڈیٹا کو میچ کر سکیں۔ اپنے پراجیکٹ ڈیٹا کو اس طریقے سے منسلک کرنا ہمیں اس بات کو جانچنے کے قابل بناتا ہے کہ آیا پاسپورٹ پروگرام آپ کے بچے کی تعلیمی کامیابی کو بہتر بناتا ہے۔

آپ یہ ڈیٹا کن قانونی بنیادوں کے تحت اکٹھا کر رہے ہیں؟

ہم ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کو یوکے ڈیٹا پروٹیکشن قانون کے مطابق جمع اور ذخیرہ کر رہے ہیں۔ ان قوانین کے مطابق ہمارے پاس آپ کا ڈیٹا اکٹھا کرنے کی قانونی بنیاد (مخصوص وجہ) لازمی موجود ہونی چاہیے۔ آپ کے ڈیٹا پر عمل درآمد کرنے کے لیے ہم جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن (GDPRؐ) کی جو قانونی بنیادیں استعمال کر رہے ہیں، وہ عوامی مفاد (آرٹیکل 6 (1)(e)) اور خصوصی زمرے کے ڈیٹا (نسلی پس منظر) کے لیے تحقیقی مقاصد (آرٹیکل 9(2)(j) جو شیڈول 1 حصہ 1 (4) DPA 2018 پر انحصار کرتا ہے) ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ہم آپ کے بچے کے ذاتی ڈیٹا پر عمل درآمد عوامی مفاد کے لیے تحقیق انجام دینے کے لیے کرتے ہیں؛ اس صورت میں یہ بچوں کی خیر و عافیت کے طریقوں پر تحقیق کرنے کے لیے ہے، جو مستقبل میں تعلیمی فراہمی کے لیے معلومات فراہم کرے گی۔

ان معلومات کے حوالے سے میرے بچے کے حقوق کیا ہیں جو آپ جمع کریں گے؟

آپ کے بچے کو اپنی ذاتی معلومات کے حوالے سے ڈیٹا کے تحفظ کے قانون کے تحت حقوق حاصل ہیں۔ مثلاً، وہ ہمارے پاس موجود اپنے متعلق معلومات کی نقل مانگ سکتے ہیں۔ اگر آپ ان مختلف حقوق یا ہماری جانب سے اپنے بچے کی ذاتی معلومات کے استعمال کے طریقے کے متعلق مزید جاننا چاہیں گے، تو براہ کرم ہمارے **پرائیویسی نوٹس برائے تحقیق** سے رجوع کریں: https://documents.manchester.ac.uk/display.aspx?DocID=37095

کیا سروے میں میرے بچے کی شرکت رازدارانہ ہو گی؟ کیا ان کی ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کا تحفظ کیا جائے گا؟

ڈیٹا کے تحفظ کے قانون کے مطابق، یونیورسٹی آف مانچسٹر اس پراجیکٹ کے لیے ڈیٹا کنٹرولر ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ذمہ دار ہیں کہ آپ کی ذاتی معلومات کو محفوظ اور رازدارانہ رکھا جائے اور صرف اس طریقے سے استعمال کی جائیں جو آپ کو بتایا جائے۔ تمام محققین کی ڈیٹا کو ذمہ دارانہ طریقے سے استعمال کرنے کے لیے تربیت کی گئی ہے اور آپ کے ڈیٹا کا درج ذیل طریقوں سے خیال رکھا جائے گا:

- تمام معلومات کو سخت رازداری سے رکھا جائے گا۔ صرف تحقیقی ٹیم کے نامزد اراکین (جو تمام مانچسٹر میں رہتے ہیں) کو قابل شناخت ڈیٹا تک رسائی حاصل ہو گی*، ماسوائے ایسے مواقع جہاں یہ ڈیٹا کو منسلک کرنے کو ممکن بنانے کے لیے نیشنل پیوپل ڈیٹابیس کو بحفاظت فراہم کیا جا رہا ہو (اوپر دیکھیں)۔
- تحقیقی ٹیم کی جانب سے مذکورہ بالا طریقوں سے ڈیٹا کو منسلک کرنے کے لیے قابل شناخت معلومات کے استعمال کے بعد، ڈیٹا سیٹ کو گمنام بنا دیا جائے گا۔ جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا، ہم توقع کرتے ہیں کہ یہ 2026 کے اختتام تک ہو جائے گا۔
- سروے کا تمام ڈیٹا ایک محفوظ، انکرپٹڈ اور پاسورڈ سے تحفظ یافتہ ڈرائیو پر ذخیرہ کیا جائے گا، جس تک صرف تحقیقی ٹیم کے نامزد اراکین کو رسائی حاصل ہو گی۔

- تمام ڈیٹا پر جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن (GDPR) قانون کے تحت عمل درآمد کیا جائے گا۔
- اگر آپ اپنے بچے کی اس مطالعے میں شرکت پر اتفاق کرتے ہیں اور اعتراض نہیں کرتے، تو ان کے متعلق ناقابل شناخت معلومات کو دیگر محققین اور ایجنسیوں کے ساتھ شیئر کیا جائے گا۔ اس کا مقصد یونیورسٹی آف مانچسٹر کے تحقیقی پرائیویسی نوٹس (مندرجہ بالا لنک دیکھیں) کے مطابق اضافی تحقیق کو ممکن بنانا ہے۔ جیسا کہ پہلے ذکر کیا گیا، یہ معلومات مکمل طور پر گمنام ہوں گی۔

*براہ کرم یہ بھی نوٹ کریں کہ یونیورسٹی آف مانچسٹر یا دیگر حکام سے تعلق رکھنے والے افراد کو اس مطالعے کے لیے جمع کردہ ڈیٹا کو دیکھنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ پراجیکٹ منصوبے کے مطابق انجام دیا جا رہا ہے۔ اس میں

قابل شناخت ڈیٹا کو دیکھنا بھی شامل ہو سکتا ہے۔ مطالعے کی نگرانی کرنے والے تمام افراد پر بطور شرکت کنندہ آپ/آپ کے بچے کی جانب رازداری کی سخت ذمہ داری ہو گی۔ اس کے علاوہ، جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا، ہمیں کچھ قابل شناخت ڈیٹا نیشنل پیوپل ڈیٹا بیس کے ساتھ اور بعد ازاں **آفس فار نیشنل سٹیٹسٹکس** کے ساتھ شیئر کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ وہ اسے آپ کے بچے کے تعلیمی ریکارڈ کے ساتھ منسلک کر سکیں۔

## اگر مجھے کوئی شکایت ہو، تو کیا کروں؟

اگر آپ کی کوئی شکایت ہو، تو براہ کرم وہ تحقیقی ٹیم کے اراکین کو بھیجیں۔ براہ کرم پراجیکٹ لیڈ سے رابطہ کریں:

- Professor Pamela Qualter

Ellen Wilkinson Building, Manchester Institute of Education, The University of Manchester, Oxford Road, Manchester M13 9PL

ای میل: pamela.qualter@manchester.ac.uk

اگر آپ تحقیقی ٹیم سے باہر کسی شخص کو رسمی شکایت کرنا چاہتے ہیں یا محققین سے پہلی مرتبہ میں حاصل ہونے والے جواب سے مطمئن نہیں ہیں، تو براہ کرم رابطہ کریں:

- The Research Ethics Manager

Research Office, Christie Building, The University of Manchester, Oxford Road, Manchester, M13 9PL

ای میل: research.complaints@manchester.ac.uk

ٹیلیفون: 01613068089

اگر آپ اپنے بچے کے ڈیٹا کے تحفظ کے حقوق کے متعلق ہم سے رابطہ کرنا چاہتے ہیں، تو براہ کرم dataprotection@manchester.ac.uk پر ای میل کریں یا The Information Governance Office, Christie Building, The University of Manchester, Oxford Road, M13 9PL پر خط لکھیں اور ہم آپ کو اپنے حقوق کے استعمال کے عمل میں رہنمائی فراہم کریں گے۔

آپ کو اپنے بچے کی ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کے حوالے سے شکایات کے متعلق انفارمیشن کمیشنر کے دفتر کو شکایت کرنے کا حق بھی حاصل ہے:

آن لائن: https://ico.org.uk/make-a-complaint/

ٹیلیفون: 03031231113

## مزید معلومات

اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں، تو آپ ہمیں passport@manchester.ac.uk پر ای میل یا 01612758512 پر کال کر سکتے ہیں۔

## اس معلوماتی شیٹ کو پڑھنے کے لیے وقت نکالنے کا شکریہ۔

## اپنے بچے کی اس تحقیق میں شرکت سے اتفاق کرنا

- ہم امید کرتے ہیں کہ آپ اپنے بچے کو اس تحقیق میں شرکت کرنے کی اجازت دیں گے۔
- اجازت فراہم کر کے آپ اتفاق کر رہے ہیں کہ آپ کا بچہ 'پاسپورٹ ٹو سکسیس' سرویز مکمل کرے، ان کے سروے کے ڈیٹا کو ان کے متعلق پس منظر کی معلومات سے منسلک کیا جائے اور ان کے ڈیٹا کو ان کے متعلق موجود دیگر معلومات کے ساتھ مستقبل میں منسلک کیا جا سکتا ہے (اوپر 'ڈیٹا کا تحفظ اور رازداری' میں بیان کردہ)۔
- اگر آپ اپنی اجازت نہیں دیتے، تو آپ کو **ذیل میں موجود فارم جتنی جلدی ممکن ہو سکے، مگر** 27 مارچ تک، واپس کرنا ہو گا (یا فارم میں فراہم کردہ معلومات کے ذریعے ہمیں ای میل یا ٹیلیفون کرنا ہو گا)۔
- حصہ نہ لینے کا فیصلہ کرنے سے آپ یا آپ کے بچے کو کسی بھی طرح سے کوئی نقصان نہیں ہو گا۔

- تمام بچوں کو یہ بات واضح کی جائے گی کہ حصہ لینے کا فیصلہ ان کے اختیار میں ہے۔ انہیں اس بات کی بھی یاددہانی کروائی جائے گی کہ اگر وہ کسی سوال کا جواب نہ دینا چاہیں، تو وہ انہیں چھوڑ سکتے ہیں۔

---

آپ کو یہ سلپ صرف اس صورت میں مکمل کر کے واپس کرنے کی ضرورت ہے اگر آپ **نہیں** چاہتے کہ آپ کا بچہ حصہ لے۔ براہ کرم ذیل میں بیان کردہ معلومات کو **27 مارچ تک** passport@manchester.ac.uk پر **ای میل** کریں، 01612758512 پر کال کریں یا درج ذیل پتے پر بذریعہ **ڈاک** (فری پوسٹ، ڈاک کی ٹکٹ لگانے کی ضرورت نہیں) واپس بھیجیں۔

FREEPOST RLYU-KAAB-AXRC
Joao Santos
Manchester Institute of Education
B4.10 Ellen Wilkinson Building
University of Manchester
Oxford Road
Manchester
M13 9PL

**آپ کو ڈاک کی ٹکٹ شامل کرنے کی ضرورت نہیں۔**

**اگر آپ اپنے بچے کے حصہ لینے سے خوش ہیں، تو آپ کو کچھ بھی کرنے کی ضرورت نہیں۔**

محترم پیم کوالٹر اور نیل ہمفری،

میں اپنے بچے کو 'پاسپورٹ ٹو سکسیس' مطالعے میں شرکت سے نکلوانا چاہتا/چاہتی ہوں۔

| | |
|---|---|
| **بچے کا نام:** | |
| **بچے کا اسکول:** | |
| **والد یا والدہ/نگہداشت کنندہ کا نام:** | |
| **والد یا والدہ/نگہداشت کنندہ کے دستخط:** | |
| **تاریخ:** | |